(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## صحت کی دیکھ بھال

عمومی صحت

**15% پاکستانی مرد حضرات اور خواتین (جن کی تعداد تقریباً 20 ملین کے قریب ہے) اپنی صحت کو خراب یا بہت زیادہ خراب سمجھتے ہیں، جبکہ پاکستانی مردو خواتین کی ایک بڑی تعداد (عالمی ممالک میں کیے جانے والے سروے میں شامل افراد کی رائے کے برعکس) اپنی صحت کے اچھے یا بہت اچھے ہونے کے حوالے سے پُراعتماد دکھائی دیئے۔**


**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے 2024)**

(اسلام آباد) ،12 جون، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 15% پاکستانی مرد حضرات اور خواتین (جن کی تعداد تقریباً 20 ملین کے قریب ہے) اپنی صحت کو خراب یا بہت زیادہ خراب سمجھتے ہیں، جبکہ پاکستانی مردو خواتین کی ایک بڑی تعداد (عالمی ممالک میں کیے جانے والے سروے میں شامل افراد کی رائے کے برعکس) اپنی صحت کے اچھے یا بہت اچھے ہونے کے حوالے سے پُراعتماد دکھائی دیئے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ "**برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنی صحت کو مجموعی طور پر کیسا سمجھتے ہیں۔ کیا آپ کہیں گے کہ آپ کی صحت ۔۔۔۔ ہے؟**"۔ اس سوال کے جواب میں 50.3% جواب دہندگان کے مطابق وہ اپنی صحت کو مجموعی طور پر بہت اچھی (بہت زیادہ صحت مند) سمجھتے ہیں، 34.9% جواب دہندگان کے مطابق وہ اپنی صحت کو مجموعی طور پر اچھی (صحت مند) سمجھتے ہیں، 11.8% جواب دہندگان کے مطابق وہ اپنی صحت کو مجموعی طور پر خراب (بیمار) سمجھتے ہیں، جبکہ 2.8% جواب دہندگان کے مطابق وہ اپنی صحت کو مجموعی طور پر بہت خراب (بہت زیادہ بیمار) سمجھتے ہیں، تاہم 0.2% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنی صحت کو مجموعی طور پر کیسا سمجھتے ہیں۔ کیا آپ کہیں گے کہ آپ کی صحت ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے؟"**




*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2024*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## عالمی ممالک کے اعتبار سے نتائج:

عالمی ممالک (17.7%)، مینا ریجن (24.6%) اور اے پیک (27.6%) ریجن کے علاقائی اوسط نتائج کے مقابلے میں، پاکستانی اپنی صحت کے بہت زیادہ اچھے (50.3%) ہونے کے حوالے سے بہت زیادہ پُر اعتماد ہیں۔




*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2024*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1,000 مرد وخواتین سے 3 تا 17 جنوری 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 12th June 2024**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)